SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
For immediate Release
August 11, 2016

## سنٹرل ڈپازٹری کے لئے لائسنسنگ اور آپریشنز کے ضوابط میں مجوزہ ترامیم کی منظوری

اسلام آباد، ۱۱ اگست: پبلک املاک کے محافظ کی حیثیت کی حامل ہونے کے باعث سنٹرل ڈپازٹری کیپیٹل مارکیٹ کے اہم ترین اداروں میں سے ایک ہے۔ اس ادارے میں بہتر گوورننس کے فروغ اور اس پر عوام کے اعتماد کو مزید مضبوط بنانے کی غرض سے سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن پاکستان نے سنٹرل ڈپازٹری کمپنی اور دیگر شرکاء کے ساتھ مشاورت سے سنٹرل ڈپازٹری کے لئے لائسنسنگ اور آپریشنز کے ضوابط میں مجوزہ ترامیم کی منظوری دی ہے۔

مجوزہ ترامیم عوامی آراء کے حصول کے لئے سرکاری جریدے میں شائع کر دی گئی ہیں۔ یہ ترامیم ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہیں۔ دلچسپی رکھنے والے افراد ۲۴ اگست اس حوالے سے اپنی آرا سے ایس ای سی پی کو آگاہ کر سکتے ہیں۔ ضوابط میں مجوزہ ترامیم کا مقصد انڈی پینڈنٹ ڈائریکٹروں کے تقرر کے طریقہ کار کی وضاحت کی گئی ہے نیز سنٹرل ڈپازٹری، اس کے بڑے حصص داران، ڈائریکٹروں اور اعلیٰ انتظامیہ کے لئے معیار برائے مناسب اور موزوں، کی مزید صراحت کی گئی ہے۔ مزید برآں، چیف کمپلائنس افسر کے کردار و ذمہ داریوں کی وضاحت کے لئے ضوابط میں مناسب ترامیم کی بھی تجویز دی گئی ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad – 44000 Pakistan
051-9100432